Before you Sign

اونٹاریو ڈس ایبیلٹی سپورٹ پروگرام اینڈ اونٹاریو ورکس

اس سے قبل کے آپ دستخط کریں، صوتی نشریات میں خوش آمدید۔ یہ صوتی نشریات اس لئے بنائی گئی ہیں تا کہ اس بارے میں آپ کی معلومات بہتر بنا سکیں کہ اونٹاریو کے صوبے میں آپ کے قانونی حقوق کیا ہیں۔ اگر آپ کو صحیح طور پر علم ہو کہ آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں کیا ہیں تو آپ اپنے لئے چناؤ کر سکتے ہیں جو کہ کینیڈا میں آپ کی زندگی پر اثرانداز ہو سکتے ہیں۔ یہ جاننا بہت ضروری ہے کہ صوتی نشریات آپ کی صورت حال سے متعلق قانونی مشورہ کی حیثیت نہیں رکھتی، یہ محض عام قانونی مسائل سے متعلق معلومات فراہم کرنے کا ذریعہ ہیں جو آپ کی صورتِ حال پر لاگو ہو تے ہیں۔

آج ہم حکومت کے دو مختلف سماجی پروگراموں کے بارے میں بات کریں گے جو اونٹاریو میں پیش کئے جاتے ہیں۔ ہم اونٹاریو ڈس ایبیلٹی سپورٹ پروگرام اینڈ اونٹاریو ورکس کے بارے میں بات کریں گے۔

ہم اونٹاریو ورکس سے آغاز کریں گے جسے او ڈبلیو بھی کہا جاتا ہے جو آپ کی مالی ضرورت میں مدد کرتا ہے اور دونوں ہی مالی اور روزگار کے سہارے پیش کرتا ہے۔ بہت سی حالتوں میں آپ کو شامل ہونے کے لئے لازماً روزگاری امدادی سرگرمیوں میں رضامند ہونا پڑے گا تاکہ آپ مالی امداد حاصل کر سکیں۔ اگر آپ مشکل صورت حال سے دوچار ہیں تو ہنگامی امداد بھی موجود ہے۔ مثال کے طور پر، آپ نے اپنا گھر کھو دیا ہے، یا متشددانہ تعلقات کو چھوڑ رہے ہیں ، یا آپ کو اپنے تحفظ کا فکر ہے۔

اونٹاریو ورکس کے حصول کےلئے آپ کو اونٹاریو میں لازماً رہنا ہوگا اور آپ کو مالی ضرورت کی حالت میں ہونا ہو گا۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کی گھریلو آمدن اتنی نہیں کہ آپ رہن سہن کی بنییادی ضروریات پوری کر سکیں۔ آپ پر یہ بھی لازم ہے کہ آپ اپنی ملازمت ڈھونڈنے اور جاری رکھنے کی کوشش کرتے رہیں حتیٰ کہ آپ کے پاس اس بات کے شواہد ہوں کہ عارضی طور پر آپ کو وہ حالت روکتی ہے جیسے کہ بیماری یا نگہداشت کرنے کی ذمہ داریاں۔ اگر آپ کے گھر میں ایک سے زائد بالغ بے روزگار ہیں، تو اُنہیں بھی لازم ہے کہ وہ روزگاری امدادی سرگرمیوں میں شمولیت آختیار کرنے پر رضامند ہوں۔

آپ درخواست کی کاروائی کا آغاز یا تو آن لائن، فون پر یا خود جا کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے علاقے میں اونٹاریو ورکس کے دفتر کو تلاش کرنے کے لئے www.mcss.gov.on.ca ملاحظہ کرسکتے ہیں۔ ایک مرتبہ جب آپ اس کی کاروائی شروع کر دیتے ہیں، تو اونٹاریو ورکس کا کیس ورکر آپ سے ذاتی طور پر ملنے کے لئے رابطہ کرے گا۔ آپ کو کہا جائے گا کہ آپ اس ملاقات میں خصوصی کاغذات لے کر آئیں تاکہ کیس ورکر آپ کی ذاتی معلومات ، آپ کے گھر کے افراد کی معلومات، آپ کے گھر کی مالی ضروریات، آپ کی گھریلو آمدن اور آپ کے اثاثے جو آپ کی ملکیت ہیں، کی توثیق کر سکے۔ کچھ معلومات جو آپ کے گھر میں رہنے والے تمام افراد کی آپ کو لانے کی ضرورت ہوگی اُس کی مثال یوں ہے، اُن کے نام اور تاریخ پیدائش، پتہ، امیگریشن کی حیثیت، آمدن، اثاثے جیسے کاریں یا سیونگز اکاونٹ اور گھریلو اخراجات۔ آپ اونٹاریو ورکس کی ملاقات پر آتے ہوئے یہ دستاویزی معلومات لا سکتے ہیں جیسے کہ آپ کی پیدائش کی سند یا پاسپورٹ، آپ کی آخری امدن کے ٹیکس کا گوشوارہ ، آپ کے آجر سے موصولہ تنخواہ کے پرچیاں، اگر آپ کرایہ پر رہتے ہیں تو مالک مکان سے کرایہ وصول کرنے کی رسیدیں اور بینک کی فردیں جو آپ کے اکاونٹ کو ظاہر کریں۔

Before you Sign

آپ سے ملاقات کے دوران آپ کو بیشتر فارموں پر دستخط کرنے کے لئے کہا جائے گا بشمول ایک رضامندی کے فارم پر۔ اس فارم پر دستخط کرنے سے مراد یہ ہےکہ آپ اونٹاریو ورکس کو یہ اجازت دے رہے ہیں کہ وہ آپ کے بارے میں دیگر حکومتی پروگراموں یا اداروں جیسے کہ وزارت آمدو رفت، ملازمت کے بیمہ کاروں یا اعتباری ایجنسیوں جیسے ایکوئی فاکس کینیڈا سے معلومات حاصل کر سکیں۔

جو معلومات آپ فراہم کریں گے اُس معلومات کے ساتھ جو دیگر ادارے مہیا کریں گے اُسے اونٹاریو ورکس آفس آپ کے امداد کے اہل ہونے کے بارے میں دیکھنے کے لئے استعمال کرے گا۔ اگر آپ نے درخواست مکمل کردی ہے اور مطلوبہ تمام معلومات فراہم کی ہے تو آپ کے پہلے دن دفتر سے رابطے سے لے کر چار کاروباری دنوں میں فیصلہ کر دیا جائے گا۔ اگر آپ کی درخواست مسترد کر دی جاتی ہے، تو آپ کو فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کا حق ہو گا، آپ کو چاہئے کہ مقامی کمیونٹی لیگل کلینک سے مدد کے لئے رابطہ کریں۔

اگلا موضوع اونٹاریو ڈس ایبلٹی سپورٹ پروگرام کا ہے جسے او ڈی ایس پی سے بھی جانا جاتا ہے جو ایسے لوگوں کو امداد فراہم کرتا ہے جو معذوریوں کے ساتھ ہیں۔ او ڈی ایس پی امداد کے حاصل کرنے کے لئے آپ کو لازماً مالی اور طبیّ لحاظ سے اس کا اہل ہونا ہوگا۔ لہذا آپ کی اتنی آمدن نہیں اور بہت تھوڑے اثاثے ہیں اور طبیّ ماہر نے آپ کے بارے میں رائے دی ہے کہ آپ معذوری کے اہل ہیں۔ اگر آپ ان دونوں پر پورے اترتے ہیں تو آپ او ڈی ایس پی کی امداد حاصل کرسکتے ہیں تاکہ آپ اور آپ کے خاندان کے رہن سہن کے بنیادی اخراجات پورے کرنے میں امداد دی جا سکے۔ جب آپ اس پروگرام کا حصہ بن جائیں تو آپ اگر مناسب ہے تو روزگار کو ڈھونڈنے اور اُسے قائم رکھنے کے لئے بھی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے اور اپنے خاندان کے لئے طبیّ فوائد بھی حاصل کر سکیں گے جس میں چند ایک نسخے کی ادویات، دانتوں اور آنکھوں کے چشموں کے فوائد بھی شامل ہیں۔

درخواست گذاری کی کاروائی کا آغاز کرنے کے لئے آپ لازماً اپنے علاقے کے او ڈی ایس پی کے دفتر سے رابطہ کریں یا یہاں پر آن لائن www.mcss.gov.on.ca. درخواست دیں۔ اگر آپ اونٹاریو ورکس حاصل کر رہے ہیں توآپ کا او ڈبلیو کیس ورکر آپ کو درخواست کے حصول میں مدد دے گا/گی۔ اپنی درخواست واگذار کرنے کے بعد اگر آپ او ڈبلیو نہیں لے رہے، تو او ڈی ایس پی کا دفتر **5 یوم** کے اندر اندر آپ سے رابطہ کرے گا تاکہ ملاقات کا وقت مقرر کرے اور آپ کی درخواست سے متعلق آپ کی مدد کرے۔ اگر او ڈی ایس پی یہ فیصلہ کرتا ہے کہ آپ مالی امداد کےلائق ہیں تو آپ اُن سے ڈس ایبلٹی ڈٹرمینیشن پیکیج حاصل کریں گے۔ اس پیکیج میں چار فارم ہوں گے: صحت کی حیثیت کی رپورٹ، روزانہ کے رہن سہن کی سرگرمیوں کا زائچہ، طبیّ معلومات کے جاری کرنے کی رضامندی، اور ایک خود کار- رپورٹ۔ یہ ثابت کرنے کے لئے کہ آپ ایسے شخص ہیں جسے معذوری ہے تو آپ کو لازماً یہ فارم مکمل کرنے اور ان کی نقول بھجوانی ہوں گی۔ او ڈی ایس پی کی تعریف " شخص بمع معذوری " پر پورا اُترنے کے لئے آپ کو طبیّ پیشہ ور، جیسے کہ ڈاکٹر کی ضرورت ہوگی جو یہ توثیق کرے کہ آپ کو معقول حد تک جسمانی یا ذہنی صحت کا مسٔلہ ہےجس کی ایک سال تک رہنے کی اُمید ہے۔ ڈاکٹر اس حقیقت کی بھی توثیق کرے گا/گی کہ آپ کی صحت کا مسئلہ معقول حد تک آپ کے کام کرنے کی صلاحیت ، اپنی نگرانی کرنے یا گھر یا کمیونٹی میں روزمرہّ کی کارکردگی کو متاثر کرتاہے۔ یہ صحت کا مسلہ ہو سکتا ہے جو آپ کو ہر وقت لاحق ہے یا ایک ایسا جو کبھی تو چلا جاتا ہے لیکن پھر دوبارہ ہو جاتا ہے۔ یہ ایک صحت کا مسلہ ہو سکتا ہے یا یہ بہت سے مختلف مسائل ہو سکتے ہیں جو اکھٹے مل کی آپ کی صلاحیتوں کو محدود کرتے ہیں۔

ڈس ایبلٹی ایڈ جوڈیکیشن یونٹ، آپ کے ڈس ایبلٹی ڈٹرمینیشن پیکیج میں بھجوائے فارموں اور درخواست کو دیکھتا ہے۔ ایڈ جوڈیکیشن یونٹ یہ فیصلہ کرتا ہے کہ آپ او ڈی ایس پی کی تعریف "شخص بمع معذوری" پر پورا اُترتا/اُترتی ہے اُس معلومات کی بنا پر جو وہ آپ سے اور آپ کے طبیّ پیشہ وران سے اور فارم بھجوائے ہوتے ہیں اُن سے حاصل کرتے ہیں؛ وہ آپ کا انٹرویو نہیں کرتے یا آپ کا طبیّ معائنہ کرانے کےلئے نہیں کہتے۔

درخواست گذاری اور نظر ثانی کی تکمیل کی کاروائی کا عمل کئی مہینے لے سکتا ہے۔ اگر آپ کی درخواست مسترد کر دی جاتی ہے تو آپ کو فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کا حق ہو گا اور آپ کو چاہئے کہ مقامی کمیونٹی لیگل کلینک سے مدد کے لئے رابطہ کریں۔ اگر آپ کو مالی مشکلات ہیں اور آپ کو اسی وقت امداد کی ضرورت ہے، تو آپ اپنے مقامی اونٹاریو ورکس کے دفتر میں سوشل اسسٹینس کی امداد کے لئے پہنچیں۔

Before you Sign

ہمیں اُمید ہے کہ اپ کو یہ صوتی نشریات بنیادی معلومات فراہم کرنے کا ایک اچھا ذریعہ لگا ہو گا کیوں کہ یہ اونٹاریو ڈس ایبیلٹی سپورٹ پروگرام سے متعلق ہے۔

اگر اس موضوع سے متعلق ابھی بھی آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہے تو برائے مہربانی آپ اُس خدمت کے دفتر یا ادارے سے رابطہ کریں جس نے آپ کو اس صوتی نشریات کے بارے میں بتایا تھا۔ اگر آپ کی رسائی کمپیوٹر تک ہے تو آپ stepstojustice.ca یا settlement.org پر جا کر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو پہلے سے معلوم ہے کہ آپ کو قانونی مشورہ ، مدد یا نمائندگی کی ضرورت ہے تو برائے مہربانی لیگل ایڈ اونٹاریو سے پیر سے جمعہ صبح 8 بجے سے شام 5 بجے (مشرقی معیاری وقت) تک اس نمبر 1-800-668-8258 پر رابطہ کر کے دنیا بھر کی 300 سے زائد زبانوں میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ صوتی نشریات لا فاونڈیشن آف اونٹاریو (Law Foundation of Ontario) کے مالی تعاون سے پیش کی جا رہی ہیں اور وائی ڈبلیو سی اے تھامس- ایلجن (YWCA St. Thomas-Elgin) اس کے تمام مواد کی مکمل طور پر ذمہ دار ہے۔